پریمیم ٹیکس کریڈٹس کیا ہیں؟

آپ کے پریمیم ٹیکس کریڈٹ کو سمجھنا: افراد اور خاندان کے کے لیے اختیارات

بہت سارے افراد اور خاندانوں کو **پریمیم ٹیکس کریڈٹ** مل سکتا ہے۔ ٹیکس کریڈٹ کے ساتھ آپ صحت بیمہ کے لیے کم ادائیگی کرتے ہیں۔

پریمیم ٹیکس کریڈٹس کیا ہیں اور وہ کس طرح کام کرتے ہیں؟ پریمیم ٹیکس کریڈٹ صحت بیمہ کی لاگت کم کرتے ہیں۔ آپ NY State of Health منڈی میں پریمیم ٹیکس کریڈٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ ٹیکس کریڈٹ کے لیے اہل قرار پاتے ہیں تو آپ کے پاس دو اختیارات ہیں:

- **"پیشگی" حاصل کریں** - اس اختیار کے ساتھ، آپ کچھ یا سبھی کریڈٹ اپنے ماہانہ صحت منصوبے کے پریمیم پر لاگو کیے جانے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ آپ پریمیم کا ایک حصہ ادا کرتے ہیں اور باقی حصہ IRS ادا کرتا ہے۔

* **اہم بات!** اگر آپ توقع سے زیادہ کماتے ہیں (مثلاً - آپ کو اضافہ یا بونس ملتا ہے) تو، آپ کو NY State of Health کو اس تبدیلی کی رپورٹ دینا ضروری ہے۔ بصورت دیگر، آپ کو یہ رقم IRS کو واپس کرنی پڑ سکتی ہے۔

- **اسے "بعد" میں لیں** – اس اختیار کے ساتھ، آپ ہر مہینے پورا پریمیم ادا کرتے ہیں اور سال کے آخر میں اپنے ٹیکس فائل کرتے وقت کریڈٹ کا دعوی کرتے ہیں۔ کریڈٹ سے ٹیکسوں میں آپ پر واجب الادا رقم ہو جائے گی یا اگر آپ پر کوئی ٹیکس واجب الادا نہیں ہے تو آپ کو IRS سے رقم واپس ملے گی۔

کیا مجھے ٹیکس کریڈٹ مل سکتا ہے؟
آپ اور آپ کا خاندان پریمیم ٹیکس کریڈٹ کے لیے اہل قرار پا سکتا ہے اگر:

- آپ کے پاس سرکاری صحت منصوبہ جیسے Medicaid کے ذریعہ صحت بیمہ نہیں ہے یا آپ اس کے اہل نہیں ہیں۔
- آپ کا خاندان ہر سال ڈالر کی متعین رقم سے کم کماتا ہے؛ اور
- آپ کا آجر صحت بیمہ پیش **نہیں** کرتا ہے یا آپ کو جو صحت بیمہ پیش کیا جاتا ہے وہ **"ناقابل تحمل"** ہے (اس کی لاگت آپ کے گھرانے کی آمدنی کے 9.5% سے زیادہ ہے) یا **"ناکافی"** ہے (طبی لاگتوں کے کم از کم 60% کا احاطہ نہیں کرتا ہے۔

میں کتنا ٹیکس کریڈٹ پا سکتا/سکتی ہوں؟
رقم کا انحصار آپ کے خاندان کے سائز اور آمدنی پر ہوگا۔ کم آمدنی والے خاندان اور افراد زیادہ سے زیادہ اعانت کے لیے اہل قرار پائیں گے۔

کیا پریمیم ٹیکس کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے مجھے کوئی انکم ٹیکس ریٹرن بھرنا ہے؟
جی ہاں۔ اگر چہ آپ پیشگی ٹیکس کریڈٹ حاصل کرنے کا انتخاب کریں مگر آپ کو اس سال کے لیے اپنا ٹیکس ضرور بھرنا چاہیے۔

اگر مجھ پر کوئی ٹیکس بقایا نہیں ہے تو کیا ہوگا؟ کیا مجھے اب بھی کریڈٹ مل سکتا ہے؟
ہاں، پریمیم ٹیکس کریڈٹ **قابل واپسی ہے۔** اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ پر ٹیکس واجب الادا نہیں ہے تو IRS کریڈٹ کی رقم آپ کے بینکنگ اکاؤنٹ میں جمع کرائے گا یا آپ کو اس کا ایک چیک ڈاک سے بھیجے گا۔

کیا ٹیکس کریڈٹس کو کسی صحت بیمہ منصوبہ کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟
نہیں، **پریمیم ٹیکس کریڈٹ س صرف NY State of Health کی معرفت صحت بیمہ کی خریداری کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔** منڈی کوالیفائیڈ صحت منصوبے، نیز جامع بینیفٹس جیسے نسخے کا کوریج، ہسپتال میں قیام، اور ڈاکٹر کی ملاقاتیں پیش کرتی ہے۔

اگر میری آمدنی میں تبدیلی ہوجاتی ہے، یا میری شادی ہو جاتی ہے، طلاق ہو جاتی یا کوئی بچہ ہو جاتا ہے تو کیا ہوگا؟
اگر آپ کی آمدنی یا خاندان کے سائز میں تبدیلی ہوتی ہے تو یہ ضروری ہے کہ آپ NY State of Health کو بتائیں۔ اس کے بعد منڈی آپ کے کریڈٹ کا دوبارہ حساب لگائے گی۔

نگہداشت صحت کے قانون کے بارے میں مزید جاننے اور یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ پریمیم ٹیکس کریڈٹ کے اہل قرار پاتے ہیں، NY State of Health کو nystateofhealth.ny.gov پر ملاحظہ کریں یا 1-855-355-5777 پر کال کریں

NYC Human Resources Administration
Department of Social Services

HEALTH INSURANCE LINK

FLY-923 (B)

آخری ترمیم: 04/2016

یہ حقائق نامہ NYC Human Resources Administration Office of Citywide Health Insurance Access کے ذریعہ صرف معلوماتی مقاصد کے لیے فراہم کرایا گیا ہے۔ اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے کے لیے براہ کرم بیمہ دہندہ، بروکر، ٹیکس ایڈوائزر، یا ریاستی انضباطی حکام سے رجوع کریں۔ یو۔ایس ٹریزری ریگولیشنز (U.S. Treasury Regulations) کے ذریعہ عائد کردہ تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے ہم آپ کو مطلع کرتے ہیں کہ اس مواصلت میں شامل سمجھے جانے والا کوئی بھی یو۔ایس ٹیکس ایڈوائس (بشمول کوئی ملحقات) (i) انٹرل ریوینو کوڈ (Internal Revenue Code) کے تحت جرمانوں سے بچنے یا (ii) کسی لین دین یا یہاں مذکور کسی مسئلے کی تشہیر، مارکیٹنگ یا کسی فریق کے لیے اس کی سفارش کرنے کے لیے مقصود یا استعمال کرنے کے لیے تحریر نہیں کیا ہے، اور نہ ہی اس کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔